حمد مخصوص ہے اس
صد ہا ... خدائے پاک کو

بسم اللہ

نازمین حضرتِ حق صدرِ بدر کائنات
نورِ چشم انبیا چشم چراغِ ما تو ئی

حق ہمی گوید مجید اے حامیٔ روزِ جزا
استعانت بایں بخشا غیرِ خلق اللہ تو

رسالہ نافع خلائق

مؤلفہ

مولوی حافظ عبد المجید خاں صاحب فقیہہ وکیل ہائیکورٹ مؤلف کتب مذہبی دینیات کثیرہ و کتب
قوانین و نظائر و شرح قوانین صاحب فرمان

جسکو

راج محمد صاحب سوداگر تبریزی نے بغرض ایثار و بخیال فوائد عام

باہتمام خود

در مطبع حمایت دکن بازار علی میاں
طبع کرا کے مفت تقسیم کئے

تاریخ طبع ۱۳۲۹ھ

[illegible]

۱۹۶۲ 1959
۱۰۵۸

دین و دنیا میں آبرو ہے
دونوں عالم میں سرخرو ہے

تنقید

یہہ رسالہ اسم بامسمّٰی مفید خلائق۔ خان نیک نام عالم مؤلف صاحب کی تصانیف کثیرہ مذہبی و قانونی میں اور اضافہ کرتا ہے۔ مؤلف صاحب کو تالیف و تصنیف کا بیحد شوق ہے۔ اسوقت تک صاحب محرر کے تخمیناً دو سو سے زائد مؤلفہ رسائل مذہبی دینیات میں ہیں۔ اور تقریباً سو ڈیڑھ سو کتب قوانین و نظائر و شروح قانونی ہیں۔ جس سے شوق و دلچسپی تالیف کا پتہ چلتا ہے۔ صاحب ممدوح کی مؤلفہ بیشتر کتب پر ریویو و تنقید و تبصرہ بکثرت اڈیٹران اخبارات مثل التعریش، اہلسنت، صداقت رہنما، تیر اعظم، ہمدم، البشیر، برق وغیرہ وغیرہ میں ہوئے اور ہوتے رہتے ہیں۔ یہ رسالہ بھی حقیقتاً عامہ خلائق کے لئے بہت مفید ہے۔ فقط

اڈیٹر اخبار شوکت الاسلام و سید عبداللہ وکیل

جناب مؤلف صاحب کو ایک بہت بڑے بزرگ سے دو سو تعویذات مختلف الانواع و اقسام مجرب بدست ہوئے ہیں جو بلا معاوضہ طالب کو دیئے جاتے ہیں۔ اور ایک نسخہ برائے جملہ امراض و درد و دُکھ کیلئے اکسیر ہے جس کا استعمال قطروں کا ہوتا ہے نذر تی و ماشوں کا۔ فی ماشہ ۸ فلوس کو ملتا ہے۔ اور مؤلف صاحب کی مفید مؤلفہ کتب مثل ڈائجسٹ نظائر مال و دیوانی و فوجداری اور ضابطہ عثمانیہ وغیرہ بہت ارزاں ملتے ہیں۔ فقط

اصطلاح ضابطہ مالی و عبدی و قواعد عثمانیہ۔ و اصول تیصلہ نویسی مقیاس النظائر وغیرہ

محمد ابراہیم خان
دنیاز محمد خان

اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہیچمدان ذرۂ بمیقدار۔ راجی رحمتِ ربّ رشید حافظ محمد عبد المجید عرض کرتا ہے کہ دفع امراض وتندرستی وازدیادِ عمر کیلئے کہ مؤثر طریقہ فدیہ کا ہے۔ راج محمد صاحب سوداگر تبریزی کو اس خاص طریقہ کی عرصہ سے تلاش تھی جب مجھ سے صحیح طریقہ مذکور معلوم ہوا تو اُن کی خواہش ہوئی کہ عامہ مخلوقات کے فائدہ اور وتقویت کیلئے اس مفید ومؤثر طریقہ کو باضافہ طریقہ علاج بہ کلام الٰہی واسمائے باریتعالیٰ ومجوب باری شائع کیا جائے۔ اسلئے بغرض تکمیل خواہش سوداگر صاحب مذکور بحد علم ومعلومات وبساط خود یہ رسالہ تالیف کیا گیا جس کو سوداگر صاحب صدر الذکر نے اپنی علو ہمتی سے طبع کراکے تقسیم کیا۔ نیازمند ذرہ بمقدار محمد عبد المجید عفی عنہ

طریقہ مفید ومؤثر فدیہ جان

ایک بکرا یا بوٹلہ نرجوان جو صحیح سالم ہو لنگڑا کان کٹا۔ یا سینگ ٹوٹا نہو۔ لاکر جسکی طرف سے فدیہ کرنا ہو اسکے سامنے جانور مذکور کو یہ دعا پڑھ کر ذبح کرنا چاہیئے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ نَذَرْتُ لَکَ ھٰذِہِ الْبَھِیْمَۃَ فِدَاءً لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَۃٍ (نام مریض و مادر مریض بگوید) فَتَقَبَّلْھَا وَاجْعَلْھَا فِدَاءً لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَۃٍ دَمَھَا بِدَمِہٖ وَلَحْمَھَا بِلَحْمِہٖ وَعَصَبَھَا بِعَصَبِہٖ وَعَظْمَھَا بِعَظْمِہٖ وَقَرْنَھَا بِقَرْنِہٖ وَحَافِرَھَا بِحَافِرِہٖ وَجِلْدَھَا بِجِلْدِہٖ وَرُوْحَھَا بِرُوْحِہٖ وَکُلَّھَا بِکُلِّہٖ وَاشْفِہٖ مِنْ مَرَضِہٖ وَطَوِّلْ عُمْرَہٗ بِرَحْمَتِکَ وَکَرَمِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۔ اس دعا کے ختم ہوتے ہی بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر جانور کو ذبح کرکے ۶۳ سانکوں گلی میں اسطرح کہ ایک سانکی میں ادہا (۸) کوڑیاں وادہری آلائش دور کرکے رکھکر دوسری میں ادہا (۸) عدد کوڑی و سرے پائے تیسری میں کلیجی معہ آٹہ کوڑیاں۔ بقیہ ۶۰ میں اسی قدر آٹہ کوڑیاں اور تھوڑا تھوڑا گوشت اسقدر کہ بقیہ گوشت (۶۰) سکنوں میں پورا ہوجائے۔ رکھکر فقیر اور مساکین وغرباء

سائلین کو تقسیم کر دینا چاہیئے۔ اگر یہ فدیہ مریض کی طرف سے ہو تو بعد تندرستی فاتحہ حضرت پیر دستگیر قطب الاقطاب
کم سے کم سوا پاؤ تر حلوے پر دلا کر تقسیم کرنا اور خود کھانا چاہیئے۔

(۱) سورۂ فاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تا آخر جملہ بیماریوں کی دفعہ کی دوا ہے جب کوئی بیمار دوا سے
اچھا نہ ہو تو صبح کے فرض و سنت کے بیچ میں بسم اللہ کے ساتھ (۴۱) مرتبہ صادق دل سے پڑھ کر مریض پر
دم کرنا چاہیئے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ سورۂ موصوفہ کے حروف جدا جدا لکھ کر پانی سے دھو کر
پلانے سے ہر مرض دفعہ ہوتا ہے۔

(۲) اَلسَّلَامُ (۱۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرنا ہر بیماری کے دفعہ کے لئے اکسیر ہے۔

(۳) رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ یہ آیت شریف طالب فرزند نیک بخت
کے لئے (۲۱) مرتبہ (۴۱) روز پڑھنا چاہیئے۔

(۴) اَلْجَلِیْلُ مجذوم و مبروص ایام بیض کے روزے رکھے اور وقت افطار ایک ہزار بار یہ اسم پانی پر
دم کر کے پیے صحت پاوے۔

(۵) اَلْمُحْیِیْ تحفظ امراض و دفعہ امراض کیلئے ۹ روز مسلسل (۰۰) بار پڑھے۔

(۶) دفعہ بیماری کے لئے (۱۴) روز روزانہ اَلْحَیُّ (۰۰) مرتبہ پڑھے صحت پاوے۔

(۷) اَلْاَوَّلُ اولاد ہونے کے لئے (۴۰) شب شب جمعہ کو ہزار مرتبہ پڑھے اولاد ہو۔

(۸) اَلْمُبْدِئُ حفاظت حمل کے لئے حاملہ کے شکم پر (۷) یوم (۰۰) بار پڑھ کر دم کرے۔

(۹) حل مشکلات کے لئے اسم مبارک اَلْقَادِرُ (۸۰) یوم روزانہ (۴۱) مرتبہ پڑھے

(۱۰) اَلْمُقْتَدِرُ کو رجوع خلائق کے لئے سوتے وقت اور صبح کو اٹھتے وقت بیس بیس مرتبہ
(۸۱) یوم پڑھے۔

(۱۱) اَلْغَنِیُّ مالدار ہونے کے لئے (۱۶۱) یوم روزانہ ستّر مرتبہ پڑھے دولتمند ہو

(۱۲) اَلنَّافِعُ کاربراری کے لئے (۴۱) مرتبہ (۱۹۱) یوم روزانہ وقت مقررہ پر
پڑھے۔

(۱۳) اَلْوَارِثُ۔ آفتاب نکلتے وقت (۵۰) یوم روزانہ سو مرتبہ پڑھے تمام آفات
ارضی و سماوی اور بیماریوں سے محفوظ رہے۔

نوٹ۔ راسخ الاعتقادی کے ساتھ ان اسمائے اعظم کو پڑھنا چاہیئے۔ مراد و مطلب براری انشاءاللہ تعالےٰ ضرور ہی ہوگی۔

(۱۴) عَاقِبُ حاجت براری کے لئے (۶۰) یوم روزانہ وقت مقررہ پر (۴۰) مرتبہ پڑھے۔

(۱۵) رَسُوْلٌ۔ دفعہ غربت وافلاس کے لئے روزانہ نو مرتبہ پڑھے۔ (۹۲) یوم

(۱۶) مُخْتَارٌ۔ ملازمت حاصل ہونے کے لئے (۵۰) مرتبہ (۱۰۲) یوم وقت مقررہ پر پڑھے۔

(۱۷) ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ۔ مراد دلی و آرزو پوری ہونے کے لئے (۱۵۰) یوم روزانہ وقت مقررہ پر ایک سَو مرتبہ پڑھے۔

(۱۸) رَءُوْفٌ۔ کو ہر روز (۱۱۲) یوم روزانہ دس مرتبہ مہربانی حاکم کے لئے پڑھے پھر حاکم کے سامنے جاتے وقت دس مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

(۱۹) رَحِیْمٌ۔ حصول نعمت و دولت کے لئے (۱۲۰) یوم روزانہ (۳۶) مرتبہ باعتقاد کامل پڑھے۔

(۲۰) اَلْعَزِیْزُ۔ بعد نماز فجر (۹۱) یوم (۴۱) مرتبہ پڑھنے سے کسی کام میں محتاج کسی کا نہ ہوگا۔

(۲۱) اَلْمُتَکَبِّرُ۔ کو (۱۰) یوم پڑھے کسی وقت مقررہ پر (۱۰) مرتبہ اور عین وقت صحبت زوجہ (۱۰) مرتبہ پڑھ کر صحبت کرے جس کو اولاد نہ ہوتی ہو اولاد ہوگی۔

(۲۲) اَلْمُصَوِّرُ۔ (۷) روزے رکھ کر بوقت افطار (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے زوجہ و شوہر پی لے اور (۵۵) یوم کسی ایک وقت (۲۱) مرتبہ پڑھے حمل ٹھہرانے کے لئے موثر ہے۔

(۲۳) اَلْوَھَّابُ۔ لکھ کر اپنے پاس رکھے رنج و غم دفع ہو۔

(۲۴) اَلْبَاسِطُ۔ (۴۸) یوم علی الصباح ہاتھ اٹھا کر (۱۰) مرتبہ پڑھے حاجت برآوے۔

(۲۵) اَلْخَافِضُ - تین روزے رکھ کر وقت افطار (۹۴) مرتبہ پڑھے اور چوتھے روز اکھتر مرتبہ - دشمن زیر ہو۔

(۲۶) اَلرَّافِعُ - سات راتیں ہر ماہ کی چودھویں کو ایک بجے شب کے ایک سو بار پڑھے افلاس دور ہو کر الدار تو نگر ہو۔

(۲۷) اَلسَّمِیْعُ - قبولیت دعا کے لئے سات پنجشنبے بعد نماز چاشت پانسو بار پڑھنا چاہیے۔

(۲۸) اَلْعَلِیُّ - لکھ کر اپنے پاس رکھے اور (۲۸۴) یوم روزانہ (۴۱) تبر پڑھے دولتمند ہوگا۔

(۲۹) اَلْحَفِیْظُ - لکھ کر پاس رکھے (۷) یوم بعد نصف شب کے (۱۰۲) مرتبہ پڑھے بلیات و امراض سے محفوظ رہے گا۔

(۳۰) اَلْجَلِیْلُ - مشک و زعفران سے لکھ کر پاس رکھے عزیز خلائق ہو۔

(۳۱) اَلْمُجِیْبُ - لکھ کر پاس رکھے (۲۷) یوم بعد نصف شب کے (۲۷) مرتبہ پڑھے حاجت بر آئے۔

(۳۲) اَلْوَدُوْدُ - باہمی زن و شوہر کے دفع ناموافقت و باہمی خلوص کے لئے (۱۰۰۱) مرتبہ (۷) یوم نصف شب کے بعد پڑھنا چاہیئے۔

(۳۳) اَلْمَتِیْنُ - کو (۲۶) یوم روزانہ تین مرتبہ لکھ کر عورت کو پلائے دودھ بہت ہو۔

(۳۴) اَلْاٰخِرُ - (۱۴۰) یوم (۱۴۰) مرتبہ پڑھ کر شکم زوجہ پر دم کرے اولاد پاوے۔

(۳۵) یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَا وَکِیْلُ یَارَقِیْبُ یَا اَللّٰہُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ (۹۷) یوم روزانہ (۱۱۳) مرتبہ پڑھے جس کام کے لئے پڑھے پورا ہو۔

(۳۶) باہمی انس و محبت زوجین و رفع جھگڑے و فساد کے لئے یہ آیت تین پنجشنبے (۳۰) ۳۰ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ؕ

(۳۷) ادائے قرضہ کیلئے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَاءِ دو رکعت نماز پڑھ کے ہزار مرتبہ (۷) یوم پڑھنا چاہیئے۔

(۳۸) کشائش رزق کیلئے (۶۴) یوم ہزار مرتبہ علی الصباح لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھے غنی ہو۔

(۳۹) روزگار ملنے کے لئے درمیان سنت و فرض نماز فجر (۷۰) یوم (۷۰) مرتبہ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا اِنَّ اللّٰہَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پڑھے۔

(۴۰) فراخی رزق کے لئے (۸۷) یوم بعد ہر نماز کے (۷) مرتبہ سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھے۔

(۴۱) آسانی زچگی کے لئے قند سیاہ چھ ماشہ پر یا خَالِصُ یا مُخْلِصُ یا خَلَاصُ یا حَضْرَتْ خَوَاجَہ مُحْتَرِ اِلْیَاس دم کر کے کھلائے زچگی آسانی سے جلد ہو۔

(۴۲) قُلْنَا یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے بخار دفعہ ہو (۷) یوم ایسا ہی کرے۔ ذرہ بیمقدار محمد عبد المجید عفی عنہ

مجرب مختلف نسخہ جات

---

(۱)

ہچکی کا مؤثر علاج | مسکہ تولہ بھر ۱۱ دانہ مغز بادام پسا ہوا۔ دونوں کو چٹنی کی طرح استعمال کریں تین روز۔

(۲) **کتے کے کاٹے کا علاج** | کاٹی ہوئی جگہ پر فوری سنکھیا پیس کر زخم کی جگہ لگا دے زخم پک تو جائے گا مگر اچھا ہو گا زہر کا اثر نہیں رہے گا۔

(۳) **سانپ کے کاٹے کا علاج** | پر طاؤس کی چار پانچ آنکھیں چلم میں رکھ کر پلائیں نہ پی سکے تو منہ میں نئے لگا دیں سانس سے دھواں اندر جسم کے جائے تو زہر دفع ہو۔

(۴) ہر روز سہ ماشہ ہلیلہ کا سفوف استعمال کرنے سے کبھی بیمار نہ ہو۔

(۵) نہار منہ صبح کو تین گھونٹ باسی پانی پینے سے بہت سی بیماریاں دفع ہوتی ہیں۔

(۶) گرم پتھر پر بیٹھنا گرم پانی سے آبدست نہ کرنا چاہیئے۔ بواسیر پیدا ہوتی ہے

(۷) نشہ کے استعمال سے صحت خراب ہو جاتی ہے

(۸) نمناک و تیز دھوپ سے بچنا چاہیئے مضر ہوتی

(۹) بند کمرہ میں نہیں سونا چاہیئے صحت خراب ہوتی ہے۔

(۱۰) موسم وبا میں کافور پاس رکھنا چاہیئے وبا کا اثر نہیں ہوگا۔

(۱۱) اختلاج قلب و خفقان کیلئے (۴) تولہ پانی میں سورۂ لایلٰف (۳) بار دم کر کے سات یوم تک ۶ ماشہ عرق کیوڑے کے ساتھ۔

(۱۲) [illegible] کے (۵) تولہ پانی پر سورۂ فلق و ناس (۷) مرتبہ دم کر کے (۵) یوم پلائے۔

بھگندر کے لئے (۹) تولہ پانی پر سورہ اعلیٰ (۳) بار دم کر کے (۸) یوم پلائے۔

[illegible] طاعون و ہر بلا کے لئے بِسْمِ اللّٰہِ یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّعَلَیْہِ وَمَعَاذَہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ هُوَ کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (۷) مرتبہ دم کر کے (۷) یوم پلائے

(۱۵) پنسیر و جدوار ان دونوں میں سوراخ کرا کے ایک سو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ دم کر کے گلے میں لٹکانا یا بازو پر باندھنا اس طرح کہ جسم سے ملحق رہے۔ تحفظ طاعون کے لئے مجرب ہے۔ اور برنج سیاہ پر دم کر کے (۴۱) یوم روزانہ ایک ایک دانہ کھانا چاہیئے۔

(۱۶) دن میں تین مرتبہ اول آخر تین تین بار یہ درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ درمیان میں (۷) مرتبہ تَحَصَّنْتُ بِذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِرَبِّ الْمَلَكُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اِصْرِفْ عَنِّی الْاَذٰی وَالْوَبَاءَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھ کر مکان کا حصار کرنا بھی تحفظ طاعون کے لئے مؤثر ہے۔

(۱۷) تعویذ تحفظ طاعون یہ ہے۔ ایک پیسہ خیرات کر کے اس تعویذ کو لکھ کر ڈنڈہ پر یا گلے میں باندھنا۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ وَالْاٰلَامِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی و بحرمت سیدنا سید شاہ محمد عبد الرزاق بانسوی رضی اللہ عنہما از شر وبا و طاعون نگہدار۔ فقط

فاضل مؤلف صاحب کی بھی مفید کتب نجات المؤمنین و نظائر بہت ارزان دیکھی ہیں و تعویذ مجرب مختلف الانواع منفعت ملتی ہیں۔ [illegible]

خادم خلاق و خلائق
حافظ محمد عبد الحمید الحق [illegible]